# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 06 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین۔

PMملاقات

وزیراعظم نریندر مودی نے **Netflix** کے **Co-CEO** ٹیڈ سیرنڈوز کے ساتھ ملاقات کی۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کے پاس سٹوری ٹیلنگ کی بیش بہا روایت موجود ہیں جس سے یہاں کے تخلیقی ٹیلنٹ کی عکاسی ہوتی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ان صلاحیتوں کو مزید تقویت بخشنے کی ضرورت ہے تاکہ بھارت کو کنٹنٹ کریئشن کا ایک عالمی مرکز بنایا جاسکے۔اس موقعہ پر انہوں نے بھارت کے میڈیا اور انٹرٹینمنٹ سے جڑے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا۔

خراج عقیدت

لوک سبھا سپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق وزیر خارجہ سشما سوراج کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ اپنی بہترین کام کیلئے سشما سوراج کو ایک لمبے عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سشما سوراج کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے آنجہانی کو ایک بے مثال لیڈر اور ترغیب دینے والی پالیمنٹرین قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ سشما سوراج نے اپنی زندگی لوگوں کی خدمت میں صرف کی۔

ایل جی ملاقات

بی جے پی کے اننت ناگ ضلع صدر راکیش کول نے کل لوک بھون سرینگر میں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔جموں کشمیر اپنی پارٹی کے سینئر لیڈر اور میڈیا ایڈوائزر سید فاروق اندرابی بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے۔اس کے علاوہ سینئر پی ڈی پی لیڈر غلام نبی بٹ پاپپوری نے بھی لیفٹننٹ گورنر سے ملاقات کی۔انہوں نے اپنے اپنے علاقوں کے ترقیاتی مسائل ایل جی کی نوٹس میں لائے۔دریں اثنا کوارڈینیشن کمیٹی جموں کشمیر کے چیئرمین اور ساؤتھ گلوبل پیس فاؤنڈیشن کے چیئرمین محمد اقبال آہنگر بھی لیفٹننٹ گورنر سے ملاقی ہوئے۔

وزیر اعلیٰ پونچھ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پونچھ ضلعے میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں حالیہ بادل پھٹنے اور سیلاب سے ہوئی تباہی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں کے ساتھ بات کی اور ضلع انتظامیہ کی طرف سے کئے جارہے باز آبادکاری اور ریلیف اقدامات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ وزیر اعلیٰ نے ناگہانی آفت سے بے گھر ہوئے کنبوں کی باز آبادکاری کیلئے پانچ پانچ مرلہ پلاٹ دینے کا بھی اعلان کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا کہ **KVIB** کو ایک عوام دوست ادارے میں تبدیل کیا جانا چاہئے جو ہنرمند کاریگروں کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ روایتی دستکاری کو بھی فروغ دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ کھادی محض ایک چیز ہی نہیں بلکہ خود انحصاری اور جموں کشمیر کی ثقافتی شناخت بھی ہے۔ وہ سرینگر میں جموں کشمیر کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈ کے **107** ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نارکوٹکس کوآرڈینیشن کمیٹی کی یوٹی سطح کی **18** ویں میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں ڈرگ ٹریفکنگ کا قلع قمع کرنے نیز **NDPS** ایکٹ کی موثر عمل آوری کے ساتھ ساتھ منشیات سے جڑے کئی دیگر امور کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر بتایا گیا کہ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں حال ہی میں پایۂ تکمیل تک پہنچے **100** دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان اب ایک تحریک بن چکا ہے۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے **100** ہفتوں پر مشتمل نشہ مکت یوا فار وکست بھارت سنکلپ کو موثر انداز سے عملایا جانا چاہئے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بالتل کے راستے احسن طریقے پر جاری ہے۔ آج مزید____ اتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔ دریں اثنا بھگوتی نگر جموں سے آج **74** گاڑیوں میں سوار ایک ہزار **801** یاتریوں پر مشتمل **28** واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔

کولگام ڈی سی

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے زمینی سطح پر کھیل کلچر کو فروغ دینے پر زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبا اور نوجوان کھیل سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعے میں کھیلوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

اطہر عامر

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائی جارہی مختلف سرکاری سکیموں اور فلیگ شپ پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف محکموں کو ہدایات دیں کہ وہ اپنی آؤٹ ریچ کو بڑھا کر تمام مستحق افراد کو سرکاری

سکیموں کے دائرے میں لائیں۔انہوں نے لوگوں کیلئے اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب رکھنے اور ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے پر بھی زور دیا۔

ڈی سی بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے افسروں کی ایک ٹیم کے ہمراہ گورنمنٹ ہائر سکینڈری سکول نادی ہل کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں آنے والی یوم آزادی تقریبات کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے تقریبات کے احسن انعقاد کو یقینی بنائیں۔

ڈی سی گاندربل

گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے کے برف سے ڈھکے رہنے والے علاقوں میں سینسیس **2027** کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے تمام تحصیلداروں کو ہدایت دی کہ وہ سینسیس کارروائی کی موثر عمل آوری کیلئے تمام انتظامات مکمل کریں۔

FDA

فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن جموں کشمیر یوٹی بھر میں فوڈ سیفٹی اینڈ سٹنڈ ارڈس ایکٹ **2006** کی مدوں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے لگاتار بازاروں کی چیکنگ اور سیمپلنگ کا کام انجام دے رہی ہے۔مہم کے دوران مختلف اضلاع میں **175** معائینے کئے گئے اور لیبارٹری تجزیہ کیلئے **142** فوڈ سیمپل جمع کئے گئے۔محکمہ نے صارفین سے کہا ہے کہ وہ غیر معیاری اشیا سے متعلق کسی بھی معاملے کو ٹول فری ہیلپ لائن نمبر **104** پر رپورٹ کریں۔

موسم

بھارت محکمہ موسمیات نے آج اترا کھنڈ، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، اڑیشہ، مدھیہ مہاراشٹرا، کونکن اور گوا کیلئے **Orange** الرٹ جاری کرتے ہوئے ان ریاستوں میں بھاری سے شدید بھاری بارشوں کی وارننگ جاری کی ہے۔محکمہ نے جموں کشمیر اور دیگر کئی ریاستوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشن گوئی کی ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ